عابد علی اور شان مسعود کی سنچریوں کی بدولت میچ میں پاکستان کی گرفت مضبوط

لاہور،21دسمبر2019ء:

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری دوسرےٹیسٹ میچ میں پاکستان نے سری لنکا کے خلاف315 رنز کی برتری حاصل کرلی ہے۔ میچ کے تیسرےروزکھیل کے اختتام پر میزبان ٹیم نےدوسری اننگز میں2وکٹوں کے نقصان پر 395رنزبنالیے ہیں۔ عابد علی 174اور شان مسعود 135 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔

اوپنر عابدعلی کیرئیر کے ابتدائی دو ٹیسٹ میچوں میں مسلسل دوسری سنچری اسکور کرنے والے پاکستان کے پہلےاور دنیا کے نویں بیٹسمین بن گئے ہیں۔

اس سے قبل عابد علی اور شان مسعود پر مشتمل پاکستان کی اوپننگ جوڑی نے بغیر کسی نقصان کے 57 رنزسے میچ کے تیسرے روز کھیل کا دوبارہ آغاز کیا تو دونوں اوپنرز نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاندار سنچریاں اسکور کیں۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 278 رنز کی شراکت نے میچ میں پاکستان کی پوزیشن مستحکم کردی ۔

عابد علی نے 281 گیندوں پر 174 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 21 چوکے اور 1 چھکا شامل تھا۔ شان مسعود نے 198 گیندوں پر 135 رنزبنائے۔ ان کی اننگز میں 7چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔

کپتان اظہر علی اور بابراعظم کے درمیان تیسری وکٹ کے لیے 40 رنزکی شراکت جاری ہے۔ اظہر علی 57اور بابراعظم 22 کے انفرادی اسکور سے میچ کے چوتھے روز کا آغاز کریں گے۔

اس سے قبل پہلی اننگز میں پاکستان کے 191 رنز کے جواب میں سری لنکا کی پوری ٹیم 271 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk